ہے۔ مالدار اور صاحب حیثیت عالم اسلام اگر سربوں سے انتقام نہیں لے سکتا اور اپنی بری افواج کوسووٗ نہیں بھیج سکتا تو کم از کم غذائی اجناس اور پیسے وغیرہ تو مہاجرین کی نصرت کیلئے بھیج سکتا ہے معلوم نہیں کہ عالم اسلام کو اس درجہ غفلت بے پروائی اور بے حمیتی ' بے غیرتی پر قدرت کی طرف سے کونسی سزا ملنے کو ہے ؟ شاید عالم اسلام کا ایک ایک ملک مستقبل قریب میں کوسووٗ' بوسنیا ،فلسطین 'کشمیر' عراق 'لیبیا جیسی صورت حال سے دوچار ہونے والا ہے۔

بجھی عشق کی آگ اندھیر ہے
مسلماں نہیں راکھ کا ڈھیر ہے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

یوم تکبیر اور بھارتی جارحیت

۲۸ ۔ مئی جمعۃ المبارک کو اہل وطن نے ایٹمی دھماکے کی پہلی سالگرہ اظہار تشکر کے طور پر منائی۔ گو کہ حکمرانوں نے "یوم تکبیر" کو یوم تکبّر بنادینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی۔ لیکن قدرت کی طرف سے سندھ میں سمندری طوفان میں جانی ومالی نقصانات کے پیش نظر حکومتی تقاریب کے رنگ میں بھنگ پڑگئی۔ لیکن ملک کے سنجیدہ عوام اور مذہبی جماعتوں نے اس روز خداوند کے حضور عجز وانکساری کے ساتھ اظہار تشکر ادا کیا۔ الحمدللہ آج پاکستان عالم اسلام کی پہلی اسلامی ایٹمی قوت بن گیا ہے۔ اور دنیا میں پھیلے ہوئے کروڑوں مسلمانوں کے سر فخر سے بلند ہوگئے ہیں۔ کہ اب ہم بھی دیگر اقوام کے ساتھ دفاع کے سلسلہ میں ہم پلہ ہوگئے ہیں۔ ہندوستان سمیت تمام کفر کی طاقتوں کو یہ بات گوارا نہیں اسی لیے خصوصاً ہندوستان گذشتہ ایک سال سے مسلسل کنٹرول لائن اور کشمیر پر باربار جارحیت کا ارتکاب کررہا ہے۔ خصوصاً اس ماہ میں تو اسکی جارحیت اپنی انتہا کو پہنچ گئی ہے۔ اور ہندوستانی افواج نے مجاہدین کے خلاف بڑا ظالمانہ آپریشن شروع کررکھا ہے اس کے ساتھ اس کی جنگی تیاریوں میں بھی بے پناہ اضافہ ہورہا ہے۔ کئی ڈویژن فوج اور جدید ترین جنگی سازوسامان کشمیر میں مختلف مقامات پر بھیج دیا گیا ہے۔ افواج پاکستان نے جس دلیری کے ساتھ